**08.07.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

------------------------------

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی براسیلیا میں برازیل کے صدر Lula da Silva کے ساتھ وفود کی سطح کی بات چیت کر رہے ہیں۔ اس میں تجارت اور دفاع سمیت کلیدی شراکت داری کے شعبوں پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے۔
- ☆ بھارت اور برازیل انسدادِ دہشت گردی، ایک دوسرے کو خفیہ معلومات دینے، قابل تجدید توانائی اور زرعی تحقیق میں اشتراک بڑھانے سے متعلق چار سمجھوتوں پر دستخط کریں گے۔
- ☆ انتخابی کمیشن نے 25 جولائی کی آخری مدت سے پہلے بہار میں ووٹروں کے اندراج کے فارم جمع کرنے کے عمل کو مکمل کرنے پر اعتماد ظاہر کیا ہے۔
- ☆ بچوں کیلئے ملیریا کی روک تھام سے متعلق پہلی دوا کو سوئٹزرلینڈ کی جانب سے منظوری دے دی گئی ہے۔
- ☆ بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ دو سے تین روز کے دوران ملک کے مختلف حصوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔
- ☆ اور کرکٹ میں، بھارتی اسپن گیند باز Deepti شرما نے خواتین کی ICC ٹی–ٹوینٹی بین الاقوامی درجہ بندی میں دوسرے مقام حاصل کرلیا ہے۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**PM Brasiliya**

وزیر اعظم نریندر مودی براسیلیا میں برازیل کے صدر Luiz Inacio Lula da Silva کے ساتھ وفود سطح کی بات چیت کر رہے ہیں۔ بات چیت میں تجارت، دفاع، توانائی، خلا، ٹیکنالوجی، زراعت، صحت اور عوام سے عوام کے درمیان رابطوں سمیت باہمی دلچسپی کے شعبوں کے علاوہ کلیدی شراکت داری کو وسعت دینے پر توجہ مرکوز کی جارہی ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان بات چیت کے بعد مختلف سمجھوتوں پر دستخط کئے جانے کا بھی امکان ہے۔ برازیل میں بھارت کے سفیر دنیش بھاٹیا نے کہا ہے کہ امکان ہے کہ بات چیت کے بعد بھارت اور برازیل چار سمجھوتوں پر دستخط کریں گے۔ یہ چار سمجھوتے انسدادِ دہشت گردی، ایک دوسرے کو خفیہ معلومات دینے، قابل تجدید توانائی اور زرعی تحقیق کے شعبوں میں اشتراک بڑھانے سے متعلق ہیں۔x

**PM Namibia**

پانچ ملکوں کے اپنے دورے کے آخری مرحلے میں وزیراعظم نریندر مودی کل نامیبیا کا اپنا پہلا دورہ کریں گے، جو 27برس کے وقفے کے بعد ہو رہا ہے۔ جناب مودی نامیبیا کی صدر Netumbo Nandi-Ndaitwah کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کریں گے۔ اُن کا نامیبیا کی پارلیمنٹ سے خطاب کرنے کا بھی پروگرام ہے۔ اپنے دورے کے دوران، وزیراعظم مودی کو نامیبیا کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز سے بھی نوازا جائے گا۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ وزیر اعظم کا یہ دورہ آئندہ بھارت—افریقہ فورم سربراہ کانفرنس اور عالمی خطۂ جنوب کی ترجیحات کو سمت عطا کرے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

VC Aparna Khunt

بھارت کی خارجہ پالیسی میں افریقہ کے مرکزی حیثیت حاصل کرنے کے ساتھ ہی وزیر اعظم کا نامبیا دورہ، بھارت— افریقہ فورم چوٹی کانفرنس تشکیل دینے میں اہم رول ادا کرنے جا رہا ہے۔ نامبیا میں اہم اور اسٹریٹجک معدنیات کے ذخائر وافر مقدار میں موجود ہیں، جو بھارت کی صاف توانائی کی جانب منتقلی اور اُس کی موجودہ اور مستقبل کی توانائی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے ضروری ہیں۔ نامبیا میں بھارت کے ہائی کمشنر راہل شری واستو نے کہا کہ ماحولیاتی تبدیلی، خوراک کی یقینی فراہمی اور صنعتی ترقی جیسے شعبوں میں چیلنجز موجود ہیں اور وزیر اعظم کے دورے کے دوران بھارت اور نامبیا، اِن چیلنجز سے نمٹنے کے امکانات تلاش کریں گے۔

توانائی، تیل اور گیس، اہم معدنیات اور ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے جیسے شعبوں میں اشتراک کو وسعت دینے کے علاوہ صحت بھی دونوں رہنماؤں کے درمیان دو طرفہ بات چیت کا اہم ایجنڈا رہے گا۔ اِس دوران کفایتی ادویات تک رسائی اور روایتی بھارتی طریقۂ علاج پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ ساتھ ہی نامبیا میں جَن اوشدھی اسکیم متعارف کرنے پر بھی تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔

وِنڈہوک سے اپرنا کھُنٹ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں ضمیر رضوی

**PM Jan Dhan**

وزارتِ خزانہ نے آج اِس بات کی وضاحت کی ہے کہ غیر فعال پردھان منتری جن دھن کھاتوں کو بند کرنے کیلئے بینکوں کو کوئی ہدایات نہیں دی گئی ہیں۔ یہ وضاحت میڈیا کی اِن خبروں کے پیش نظر کی گئی ہے جن میں یہ کہا گیا ہے کہ مالی خدمات سے متعلق محکمے نے بینکوں سے ایسے کھاتے بند کرنے کو کہا ہے۔ ایک بیان میں وزارت نے کہا ہے کہ وہ غیر فعال جن دھن کھاتوں کی تعداد کی مسلسل نگرانی کرتی ہے اور بینکوں کو صلاح دیتی ہے کہ وہ اپنے کھاتوں کو استعمال کرنے کیلئے کھاتہ داروں سے رابطہ کریں۔ اُس نے اس بات کو بھی اجاگر کیا ہے کہ جن دھن کھاتوں کی کُل تعداد میں اضافے کا رجحان رہا ہے اور غیر فعال کھاتوں کو بند کرنے سے متعلق واقعات کے بارے میں وزارت کو کوئی علم نہیں ہے۔x

## Plantation Drive Gadkari

حکومت، ملک میں کاربن اخراج کو کم کرنے اور قومی شاہراہوں کو ماحولیات کیلئے زیادہ سازگار بنانے کے سلسلے میں مختلف اقدامات کر رہی ہے۔ اب تک ملک بھر میں قومی شاہراہوں پر چار کروڑ 78لاکھ سے زیادہ پیڑ لگائے گئے ہیں اور 70ہزار پیڑوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا گیا ہے۔ آج سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے فریدآباد–نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈّہ کوری ڈور پر ''ایک پیڑ ماں'' کے نام مہم کے دوسرے مرحلے کے تحت پودے لگانے کے دوران ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ جناب گڈکری نے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کیلئے موٹر گاڑیوں کی صنعت کے فروغ پر زور دیا۔

S/B 2100 Nitin Gadkari

## Jitendra Singh Rajasthan

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج راجستھان میں دھول پور سائنس سینٹر کا افتتاح کیا۔ اسے وگیان سیتو پہل کے تحت Immunology کے قومی ادارے کی جانب سے قائم کیا گیا ہے۔ اس موقع پر ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ یہ سینٹر نوجوانوں کے درمیان سائنسی رجحان کو فروغ دینے کی ایک اہم کوشش ہے۔ وہ اسکولی طلبا کی جانب سے منعقدہ سائنس ایگزبیشن دیکھنے بھی گئے۔x

## Lucknow Pradhan

مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کسانوں کو کاروباریوں میں بدلنے کی حکومت کی کوششوں پر زور دیتے ہوئے آج میرٹھ کی سردار ولبھ بھائی پٹیل زرعی یونیورسٹی میں زرعی ٹکنالوجی اختراعی مرکز کا افتتاح کیا۔

زرعی آمدنی کو دوگنا کرنے اور واجبی قیمتوں کی یقین دہانی میں مصنوعی ذہانت کے رول کی وضاحت کرتے ہوئے جناب پردھان نے زراعت میں مصنوعی ذہانت کیلئے IIT روپڑ کے سینٹر آف ایکسلینس کی قیادت کا ذکر کیا۔

S/B: Dharmendra Pradhan

## Rev. Delhi Cabinet Decision

دلّی کابینہ نے قومی راجدھانی میں سرکاری اسکولوں کیلئے اسمارٹ کلاس Rooms کی خاطر 900 کروڑ روپے سے زیادہ رقم کو منظوری دی ہے۔ دلّی کابینہ نے دلّی میں قومی تعلیمی پالیسی، NEP-2020کے نفاذ کو بھی منظوری دی۔ یہ فیصلہ دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا کی صدارت میں منعقدہ کابینہ میٹنگ میں لیا گیا۔

میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیر تعلیم آشیش سُود نے جامع ڈیجیٹل کلاس روم توسیعی منصوبے کی نقاب کشائی کی۔ انھوں نے بتایا کہ نویں سے بارہویں جماعت کیلئے 18ہزار 966اضافی اسمارٹ کلاس Rooms بنانے سے متعلق تجویز کو بھی منظوری دی گئی ہے۔ x

## EC SIR Bihar

آج انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ بہار میں خصوصی نظرثانی عمل SIR مناسب طور پر چل رہا ہے اور اندراج کے فارم 25جولائی کی آخری تاریخ سے کافی پہلے جمع کرلئے جائیں گے۔ ایک بیان میں کمیشن نے کہا ہے کہ SIR ہدایات کے جاری کئے جانے کے ابتدائی 14دنوں میں اندراج سے متعلق تقریباً 47فیصد فارم جمع کرلئے گئے تھے۔ اب تک بہار میں تقریباً 7 کروڑ 90لاکھ ووٹروں کے تین کروڑ 70لاکھ سے زیادہ اندراج کے فارم جمع کئے جاچکے ہیں۔ انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ 20ہزار سے زیادہ اضافی بوتھ سطح کے افسروں کے ساتھ فارم جمع کرنے میں مزید تیزی آگئی ہے۔x

## Bihar Murder Case

بہار میں ریاستی پولیس نے صنعتکار گوپال کھیمکا قتل کیس میں ایک کاروباری اشوک Saw کو گرفتار کیا ہے۔ میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے SSP پٹنہ کارتیکے شرما نے مطلع کیا کہ صنعتکار کو زمین سے متعلق تنازع اور کاروباری دشمنی کے سبب پیشے ور قاتلوں کی جانب سے قتل کیا گیا تھا۔ جناب شرما نے کہا کہ ایک شارپ شوٹر کو گرفتار کیا گیا ہے اور قتل میں استعمال کئے گئے ہتھیار کو بھی ضبط کرلیا گیا ہے۔x

## BJP Kolkata Case Report

BJP نے آج مغربی بنگال پولیس پر الزام لگایا کہ وہ کولکاتہ طالب علم مبینہ اجتماعی عصمت دری کیس میں منصفانہ جانچ نہیں کر رہی ہے۔ BJP پینل نے اِس معاملے میں پارٹی صدر JP نڈا کو رپورٹ پیش کی۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے BJP رہنما ستیہ پال سنگھ، جوکہ کیس کی جانچ کیلئے قائم کی گئی پارٹی کمیٹی کے ممبر بھی تھے، نے الزام لگایا کہ پولیس نے حقائق سے چھیڑ چھاڑ کی ہے۔ جناب ستیہ پال سنگھ نے دعویٰ کیا کہ واقعے میں ملوث کلیدی ملزم کا FIR سے نام حذف کر دیا گیا ہے۔ x

## CBI Cyber Farud

مرکزی جانچ بیورو CBI نے نوئیڈا میں سائبر دھوکہ دہی کے ایک گروہ سے وابستہ اہم کارندوں کو گرفتار کرکے اُس کا پردہ فاش کیا ہے۔ یہ برطانیہ اور آسٹریلیا کے شہریوں کو نشانہ بناتے تھے۔ CBI نے نوئیڈا میں تین مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی جس میں ایک فرضی کال سینٹر بھی شامل ہے جو نوئیڈا خصوصی اقتصادی زون سے کام کر رہا تھا۔ تلاشی کے دوران ایجنسی نے کئی شواہد ضبط کئے ہیں۔x

## Haj Application

حج کمیٹی نے سفر حج 2026 کیلئے درخواستوں کے عمل کا باضابطہ طور پر آغاز کیا ہے۔ عازمین حج سرکاری حج پورٹل اور حج سویدھا موبائل ایپلی کیشن کے ذریعے اپنی درخواستیں داخل کرسکتے ہیں۔ اس ماہ کے آخر تک آن لائن

درخواستیں داخل کی جاسکتی ہیں۔ اقلیتی امور کی مرکزی وزارت نے کہا ہے کہ درخواست داخل کرنے والوں کیلئے یہ لازمی ہے کہ اُن کے پاس درخواست دینے کی یا آخری تاریخ سے پہلے مشین سے پڑھا جانے والا بھارتی پاسپورٹ ہو اور وہ کم از کم دسمبر 2026 تک قابل قبول ہو۔x

## Baby malaria drug

چھوٹے بچوں کیلئے موزوں دنیا کے پہلے ملیریا طریقۂ علاج کو منظوری مل گئی ہے۔ دوا ساز کمپنی Novartis کو ملیریا کے علاج سے متعلق اس کی نئی دوا، Coartem کیلئے سوئٹزرلینڈ حکام کی منظوری مل گئی ہے۔ اس دوا کی تیاری کافی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ ملیریا سے ہونے والی زیادہ تر اموات پانچ سال تک کی عمر کے بچوں میں ہوتی ہیں۔ اس پیش رفت کے بعد دوا کی تیاری اور تقسیم، اگلے کچھ ہفتوں میں افریقہ میں شروع ہونے کی توقع ہے۔ملیریا سے ہونے والی زیادہ تر اموات برّ اعظم افریقہ میں درج کی جاتی ہیں۔×

## Texas Flood

سینٹرل Texas میں آئے اچانک سیلاب سے کم از کم 104افراد کی موت ہوچکی ہے اور دیگر 41لاپتہ ہیں۔ مقامی میڈیا نے خبر دی ہے کہ زیادہ تر اموات Kerr Country میں ہوئی ہیں، جہاں ایک Chrisian کیمپ لگا ہوا تھا۔ دعویٰ کیا گیا ہے کہ اس بہت سے بچوں کی جان چلی گئی ہے اور کئی لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔ سیلاب آنے کے تین دن بعد Texas کی تاریخ سب سے بڑی تلاشی مہم چلائی جا رہی ہے۔ x

## Kenya Protests

کینیا میں سکیورٹی دستوں اور مظاہرین کے درمیان جھڑپوں میں کم از کم دس افراد ہلاک اور 29زخمی ہوگئے۔ میڈیا کی خبروں کے مطابق ان سے 17 کاؤنٹیز متاثر ہوئی ہیں۔ لوٹ مار کے ڈر کے درمیان اہم شہروں میں کاروباری ادارے بند ہوگئے ہیں۔ جون میں خونریز تشدد کے بعد یہ جھڑپیں ہوئی ہیں جس میں 19افراد ہلاک اور چار سو سے زیادہ زخمی ہوگئے تھے۔ گذشتہ برس ایک متنازع اقتصادی بل کے سبب وہاں یہ بے چینی شروع ہوئی ہے جس کے بعد مظاہروں کا سلسلہ شروع ہوا ہے۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے اگلے دو سے تین دن کے دوران ملک کے مشرقی، مغربی، وسطی اور شمال مشرقی خطوں میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے کہا کہ مدھیہ پردیش، وِدربھ، چھتیس گڑھ، مغربی بنگال اور جھارکھنڈ میں جمعرات تک شدید بارش جاری رہ سکتی ہے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، جموں و کشمیر، لداخ، گلگت بلتستان، مظفر آباد، اترپردیش، پنجاب اور ہریانہ میں بھی جمعے کے روز تک شدید ترین بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ اِس کے علاوہ دلّی اور قومی راجدھانی خطے میں اگلے چوبیس گھنٹے کے دوران ہلکی سے درمیانی درجے کی بارش ہوسکتی ہے۔ x

## Women's Cricket Ranking

کرکٹ میں بھارت کی اسپین گیند باز دیپتی شرما، اپنے کیریئر میں پہلی مرتبہ، خواتین کی ICC ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی درجہ بندی میں پہلا مقام حاصل کرنے جا رہی ہیں۔ تازہ فہرست میں دیپتی شرما نے ایک درجے کی بہتری کے بعد دوسرا مقام حاصل کرلیا ہے۔ انہوں نے آسٹریلیائی تیز گیند باز Annabel Sutherland کو پیچھے چھوڑ دیا اور وہ اب پاکستان کی سعدیہ اقبال سے محض 8درجہ بندی پوائنٹس سے پیچھے ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆